LGBTQI* تحفظ حاصل کریں!

صحت بیمہ کے ساتھ

میرے صحت بیمہ کوریج کے اختیارات کیا ہیں؟
اگر آپ کو نوکری یا خاندان کے ممبر کی معرفت کوریج نہیں مل پاتا ہے تو آپ **NY State of Health کی منڈی** کے ذریعہ کم قیمت اختیار تلاش کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں۔ طریقہ یوں ہے:

- آن لائن، فون پر یا بذات خود درخواست دیں۔ فون پر اور بذات خود اعانت بہت ساری زبانوں میں دستیاب ہے۔
- یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو مالی اعانت مل سکتی ہے اور مارکیٹ پلیس میں جس صحت بیمہ کے آپ اہل ہیں اس میں اندراج کروانے کے لیے ایک درخواست پُر کریں۔
- ایک ہی جنس کے شریک حیات اگر آمدنی کے لحاظ سے اہل ہوں اور مشترکہ طور پر اپنا ٹیکس فائل کرتے ہوں تو نجی صحت بیمہ خریدنے میں ان کی مدد کے لیے انہیں ٹیکس کریڈٹ مل سکتا ہے۔

آپ نجی بیمہ براہ راست کسی بیمہ کمپنی سے بھی خرید سکتے ہیں لیکن اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ کو مالی مدد نہیں ملے گی۔

اگر میں مخنث یا جنسی لحاظ سے غیر منطبق ہوں اور میں منتقلی سے متعلق نگہداشت تک رسائی چاہتا ہوں تو کیا کروں؟

- نیو یارک اسٹیٹ Medicaid اب منتقلی سے متعلق نگہداشت کا احاطہ کرتا ہے۔
- نجی بیمہ منصوبے منتقلی سے متعلق ایسی نگہداشت کے لیے علاج کرنے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں جسے آپ کا ڈاکٹر طبی لحاظ سے لازمی بتائے۔

* زنانہ ہم جنس پرست، اغلاق باز، دو جنسہ، مخنث، متجسس، بین جنسہ

آج ہی درخواست دیں

عوامی صحت بیمہ پروگرامز جیسے **Medicaid, Essential Plan** اور **Child Health Plus** پورے سال دستیاب ہیں۔

نجی صحت بیمہ ہر سال کھلے اندراج کے دوران یا اگر آپ کو اہل قرار پانے کے کسی واقعہ کا سامنا ہوتا ہے تو دستیاب ہے۔

اپنے کیلنڈر پر نشان زد کریں!

15th دسمبر تک درخواست دیں تاکہ آپ کا کوریج 1st جنوری سے شروع ہو جائے

یقین نہیں ہے کہ آیا آپ اہل قرار پاتے ہیں؟

کوئی بات نہیں—آپ پتہ کرنے کے لیے کسی بھی وقت درخواست دے سکتے ہیں۔

آپ کے کوریج کے بارے میں پتہ کرنا پہلے پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہے!

مالی مدد حاصل کریں

آپ کی آمدنی کے لحاظ سے آپ اپنے بیمہ کی لاگتیں کم کرنے کے لیے مالی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ سال بھر میں کسی بھی وقت **NY State of Health** کے ذریعہ کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے

NY State of Health کو **nystateofhealth.ny.gov** پر ملاحظہ کریں، یا **311** یا **1-855-355-5777** پر کال کریں

NYC Human Resources Administration
Department of Social Services
HEALTH INSURANCE LINK

FLY-936 (B)
Rev. 05/17

میں LGBTQI موافق نگہداشت صحت فراہم کنندگان اور خدمات کا کیسے پتہ لگاؤں؟

- اگر آپ کے پاس فراہم کنندہ نہیں ہے تو آپ LGBTQI موافق نگہداشت صحت کی سہولیات کے بارے میں معلومات **New York City کا LGBTQ کے لیے خدمات اور وسائل کا رہنما** میں حاصل کر سکتے ہیں جو یہاں پر دستیاب ہے: **comptroller.nyc.gov/help/lgbtq-directory/**

- میٹروپولیٹن ہاسپٹل کا **LGBT ہیلتھ سنٹر**، جو سٹی کے پبلک ہاسپٹل سسٹم (NYC Health + Hospitals) کا ایک ممبر ہے، افراد اور خاندانوں کے لیے جامع نگہداشت پیش کرتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: **nyc.gov/html/hhc/mhc/html/services/lgbtq-program.shtml**
- اگر آپ کو اپنے ڈاکٹرز پسند ہیں تو ان سے معلوم کریں کہ وہ کون سے بیمہ منصوبے قبول کرتے ہیں۔ **NY State of Health** کی ویب سائٹ پر، آپ فزیشن اور ہسپتال کے لحاظ سے تلاش کرکے دیکھ سکتے ہیں کہ وہ کس بیمہ دہندہ کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

اگر میں HIV یا AIDS کے ساتھ زندگی گزار رہا ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ غیر بیمہ شدہ ہیں، تو ایڈز سے متعلق دوا میں اعانت کا پرگرام (AIDS Drug Assistance Program, ADAP) آپ کو درکار نسخہ والی دوائیں اور نگہداشت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ $51,678 تک کی سالانہ آمدنی والے افراد مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

- ADAP تو HIV اور اس کے نتیجے میں موقع پرستانہ انفیکشنز کے لیے نسخہ والی دوائیں فراہم کرتا ہے۔
- ADAP Plus چنندہ کلینکس اور ہسپتال کے آؤٹ پیشنٹ والے محکموں میں ابتدائی نگہداشت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ غیر بیمہ شدہ ہیں، تو ایڈز سے متعلق دوا میں اعانت کا پرگرام (ADAP Plus Insurance Continuation Program, APIC) آپ کے پریمیمز کی ادائیگی میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے 1-800-542-2437 پر کال رکیں یا **adap@health.state.ny.us** پر ای میل کریں۔ آپ، ADAP Plus ADAP اور APIC ڈاؤن لوڈ کرنے اور ایک درخواست پر ان کے لیے درخواست دینے کے لیے **health.ny.gov/forms/doh-2794.pdf** بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ Medicaid کے لیے اہل ہیں، تو آپ Medicaid کے منضبط نگہداشت کے منصوبہ کے بجائے ایک HIV اسپیشل نیڈز پلان (HIV SNP) کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

ایک HIV SNP میں اندراج کروانے کے لیے NY State of Health ملاحظہ کریں یا نیو یارک Medicaid CHOICE ہیلپ لائن کو 1-800-505-5678 پر کال کریں۔

اگر مجھے مفت اور رازدارانہ جنسی اور باز تولیدی نگہداشت صحت درکار ہے تو کیا ہوگا؟

مفت اور رازدارانہ تولیدی نگہداشت صحت، بشمول تدارکی اسکریننگز اور STI ٹیسٹنگ، مستحق مرد اور خواتین کے لیے Family Planning Benefit Program کی معرفت دستیاب ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/hilink/famplan** **ملاحظہ کریں**۔

اگر میں غیر بیمہ شدہ ہوں اور مجھے ڈاکٹر کے پاس جانا ہے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے اور آپ کو نگہداشت درکار ہے تو یہ آپ کے لئے دستیاب ہے۔

سٹی کا پبلک ہاسپٹل سسٹم (Health + Hospitals) اور کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز آپ کی آمدنی کی لحاظ سے کم فیس کی بنیاد پر طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔ غیر بیمہ شدہ فرد کے لیے نگہداشت صحت کے وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے **nyc.gov/hilink** ملاحظہ کریں۔

فکر نہ کریں— بس درخواست دیں۔ آپ کے کوریج کے اختیارات کے بارے میں پتہ کرنا پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہے!

Copyright 2017, The City of New York. Human Resources Administration/Department of Social Services.
اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔